نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی شرکت

اداروں کی ریفارمز سے سروس ڈلیوری میں بہتری لائی جائے گی۔صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی

لاہور:14 اکتوبر2024: وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق اداروں کی اصلاحات سے سروس ڈیلوری میں بہتری لائی جائے گی۔ اس ضمن میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت کو بھی خصوصی اختیارات تفویض کئے جارہے ہیں تاکہ بہتر پالیسی سازی سے اداروں کے مسائل حل کئے جائیں اور کاشتکاروں کو بہتر سروسز مہیا کی جاسکیں۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اُسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔اس موقع پر وزیر زراعت و لائیوسٹاک پنجاب نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا ویژن زراعت کے شعبے میں جدت اور ویلیو ایڈیشن کا فروغ ہے۔اس مقصد کیلئے زراعت کے شعبے کو فیاضانہ طور پر فنڈز دیئے جارہے ہیں تاکہ پیداواری اہداف کا حصول یقینی بناکر ملکی معیشت کو مستحکم کیا جاسکے۔زراعت کا ٹرانسفارمیشن سے ملکی معیشت کو مضبوط بنایا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ سروس ڈیلوری میں بہتری کیلئے شعبہ کراپ رپورٹنگ، فلوریکلچر، پنجاب سیڈ کارپوریشن، سوائل فرٹیلٹی اور شوگر کین ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کی کارکردگی کا پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت باقاعدگی سے جائزہ لیں گے۔ان اداروں میں اصلاحات سے سروس ڈیلوری میں واضح فرق پڑے گا۔اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے زراعت اسامہ خان لغاری نے کہا کہ وزیر زراعت پنجاب کا سروس ڈیلوری میں بہتری کیلئے اختیارات تفویض کرنا ایک احسن اقدام ہے۔میَں اس ذمہ داری کو پوری تندہی سے انجام دوں گا۔ہر ڈیپارٹمنٹ میں اصلاحاتی ایجنڈہ موجود ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ اس پر من وعن عمل کیا جائے تاکہ کاشتکاروں کو معیاری سروسز مل سکیں اور فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہو سکے۔ اجلاس میں سپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ ڈاکٹر عبدالقیوم، ڈائریکٹر سوائل فرٹیلٹی ٹھوکر نیاز بیگ لاہور ڈاکٹر محمد اکرم قاضی، ڈائریکٹر شوگر کین ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ شاہد اور ڈائریکٹر فلوریکلچر منور حسین الماس نے شرکت کی۔

☆☆☆